गंगा की लहरें

گنگا کی لہریں

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

"گنگا کی لہریں" فلم کے گانے

گانا نمبر ۱

جے جے جے جگا میے ماتا
دوار تمہارے جو بھی آتا۔ بن مانگے سب کچھ پا جاتا
تو چاہے تو جیون دیدے۔ چاہے پل میں جیون لے لے
جنم مرن سب ہاتھ میں تیرے ہے شکتی ہے ماتا۔ جے....
پاپی ہو یا ہوئے پجاری۔ راجہ ہو یا کوئی بھکاری
پھر بھی تونے جوڑا سب سے ماں بیٹے کا ناتا۔ جے....
جب جب جس نے تجھ کو پکارا۔ تو نے دیا ہے بڑھ کے سہارا
ہر بھولے راہی کو تیرا۔ پیار ہی راہ دکھاتا۔ جے....

گانا نمبر ۲: دیکھو رے کوئی کا میلا۔ دیکھو رے گوئی کا میلا
مین دیپ جلائے۔ سجن گھر جائے۔ دیکھو رے....
سج بن کے چلی جاگتی سوتی۔ کان میں پہنے پیار کے موتی
یوں شرمائے کہ لجت جائے۔ پائل سے پائل الجھائے
دیکھو رے....
چاند بنا ہو یا رین اندھیاری۔ چھم چھم ڈولے سجنا کی پیاری
سو بل کھاتی وہ دیئے کی سی باتی۔ اسے جو چھوئے جل جل جائے
دیکھو رے....
پہنچے جہاں جہاں پگ البیلے۔ راہ میں لاگے نینوں کے میلے

سانولی گوری کیسر کی کٹوری۔ نینوں میں لیئے کھڑی للچا کے دیکھو رے۔۔۔

گانا نمبر ۳:۔ مچلتی ہوئی ہوا میں چھم چھم
ہمارے سنگ سنگ چلیں گنگا کی لہریں
زمانے سے کہو اکیلے نہیں ہم
ہمارے سنگ سنگ چلیں گنگا کی لہریں

کورس:۔ زمانے سے کہو اکیلے نہیں ہم۔ ہمارے سنگ۔۔۔
ہریالی سی چھا جاتی ہے۔ چھاؤں میں ان کے آنچل کی
سر کو جھکا کے نام لو ان کا۔ یہ تو ہیں شکتی ہر پل کی
ہمالیہ نے چومے ہیں ان کے قدم

کورس:۔ مچلتی ہوئی ہوا میں چھم چھم۔ ہمارے سنگ۔۔
زمانے سے کہو اکیلے نہیں ہم۔ ہمارے سنگ۔۔۔۔
سکھ میں ڈوبا تن من آس کا۔ آیا جو ان کے آنگن میں
پیار کا پھیلا درپن دیکھا۔ دنیا نے ان کے درشن میں
کہ یوں ہی نہیں کھاتے ہم ان کی قسم

کورس:۔ زمانے سے کہو اکیلے نہیں ہم۔ ہمارے سنگ۔۔۔
مچلتی ہوئی ہوا میں چھم چھم۔ ہمارے سنگ۔۔۔
سنا ہے جب ان لہروں نے جب سب نے منہ پھیر لیا
اور کبھی جب غم کی جلتی دھوپ نے ہم کو گھیر لیا
تو ان کے ہی قدموں میں جھک گئے ہم

کورس:۔ مچلتی ہوئی ہوا میں چھم چھم۔ ہمارے سنگ۔۔۔

زمانے سے کہو اکیلے نہیں ہم۔ ہمارے سنگ......
گاتا ہے۔ چھیڑو نہ میری زلفیں سب لوگ کیا کہیں گے
ہمکو دیوانہ تمکو کالی گھٹا کہیں گے۔ چھیڑو نہ...
آتی ہے شرم ہمکو رد کو یہ پیاری باتیں
جو تمکو جانتے ہیں، وہ جانتے ہیں تمہاری باتیں
تم کہہ دو شرم اس کو ہم تو ادا کہیں گے۔ ہم تو ادا کہیں گے
چھیڑو نہ.....
میں پیار ہوں تمہارا میرا سلام لے لو
میں پیار ہوں تمہارا میرا سلام لے لو
تم اس کو پیار سمجھو۔ تم اس کو چاہت کا نام دے لو
لیکن زمانے والے اس کو خطا کہیں گے
اس کو خطا کہیں گے
ہمکو دیوانہ تم کو کالی گھٹا کہیں گے۔ کالی گھٹا کہیں گے
چھیڑو نہ.....
تو یہ تیری نظر کے مستی بھرے اشارے
تو یہ تیری نظر کے مستی بھرے اشارے
دیکھیں گے ہمکو تمکو جو مسکرا کے یہ سب نظارے
الفت میں دو دلوں کو بہکا ہوا کہیں گے۔ بہکا ہوا کہیں گے
چھیڑو نہ.....
ہمکو دیوانہ تمکو کالی گھٹا کہیں گے۔ کالی گھٹا کہیں گے
چھیڑو نہ.....

گانا نمبر ۵ :- بیری بچھوا بڑا دکھ دے ہو رام
شور کرے جھن جھن جھن جھن جھن جھن
بیری بچھوا ....

میں جو چلوں تو الجھا دے یہ بول گے
آدھی ڈگر تک بن تو رہ جاؤں ڈول کے
پاپی نہ سمجھے جیا کی لگن ۔ بیری بچھوا ...
باندھوں چنریا سے گھونگھٹ کا خیال ہو
زلفوں سے باندھوں تو اٹھنا محال ہو
جھگڑے سے من میں بڑی الجھن ۔ بیری بچھوا ...
رات چلوں تو یوں لوگے سمجھ جگنوا
دن کو چلوں تو اٹھیں سو سو نینوا
رات نہ دیکھے دیکھے نہ یہ دن ۔ بیری بچھوا ...

گانا نمبر ۶ :- شمع بجھنے کو چلی ۔ شمع بجھنے کو چلی
ہے یہی ڈر کہ جل جائے پتنگا نہ کہیں
شمع بجھنے کو چلی

اس نے چاہا کہ میرا چاہنے والا تو رہے
میں رہوں نہ رہوں گھر کا اجالا تو رہے
اپنے پریتم کے لئے چھوڑ دی پریتم کی گلی
شمع بجھنے کو چلی ــــ
جھلمل کر سب کو بس اک اپنی وفا سا تھ لئے
اپنے ہی اشکوں میں بھیگی ہوئی اک رات لئے

غم کے طوفانوں میں گھری بھٹکیں کھائی نکلی
شمع بجھنے کو چلی ـــــ

اپنے بیگانے چھوٹے ـ لختِ جگر چھوٹ گیا
غم کے شعلوں میں جھنی ایسی کہ گھر چھوٹ گیا
ڈوبنے آئی ہوں پانی میں نصیبوں کی جلی
شمع بجھنے کو چلی ـــــ

ہے یہی درد کہ جل جائے پتنگا نہ کہیں
شمع بجھنے کو چلی ـــــ

گانا نمبر۔ اک پیسے کا ہے سوال جیئں تیرے بچے مائی
جیئں تیرے بچے بابا
اک پیسے کا ہے سوال ـــــ
تجھے ہم بھی کسی کے لال جیئں تیرے بچے مائی جیئں تیرے بچے بابا
جیئں تیرے بچے...
تیرے لال کو مونگا موتی چاہیئے ـ اپنے بچپن کو اک روٹی چاہیئے
نہ چاندی نہ سونا ـ نا مانگیں دولت مال
جیئں تیرے بچے...
اک پیسے کا ہے سوال...
ہم بھی کھیلے ہیں سپنوں کے گاؤں میں
ہم بھی سوئے ہیں ممتا کی چھاؤں میں
اب قسمت کے مارے ہم کس کو سنائیں حال
جیئں تیرے بچے

ایک پیسے کا سوال ....

در در ٹھوکر کھائیں ریشم پھول کے
چھوٹے چھوٹے پاؤں بھرے ہیں دھول کے
کوئی نہیں جو دھوئے یہ میلے میلے گال
جیئیں تیرے بچے —

تجھے ہم بھی کسی کے لعل ۔ جیئیں تیرے بچے ....

گانا نمبر ۔ اے جانِ من میں تو ذرا ۔ فکر کی کیا بات ہے
ہنسنے والا غم کرے کیوں ۔ غم کی کیا اوقات ہے
جانِ من ...

تم بیں ہوتا پڑے گا تجھے تنہا یا روتا پڑے گا تنہا
او پیارے تو ہے خوش تو ۔ پھر یہ دنیا بھی ساتھ ہے
جانِ من —

جلتے جاؤ مگر رہو ہنستے ۔ دیپ روشن ہوا ہے یہی کہہ کے
تو ہے زندہ تیرے سر پر زندگانی کا ہاتھ ہے
جانِ من ..

تم جو چاہو نظارہ ابھی بدلے
چاند بدلے ستارہ ابھی بدلے
پہلے ہنس دو ۔ پھر یہ دیکھو
کیسی متوالی رات ہے
جانِ من —

تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ

کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط وکتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف -/۱/۸ محصول ڈاک معاف

اندرجال عرف استاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جس کے لئے اردو داں اصحاب ایک مدت سے متمنی تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کرکے اسے شائع کرایا ہے

قیمت صرف -/۱/۳ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی